© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**قرآن مجید ایک معجز نما کتاب ہے** از مولوی محمد عبد البصیر صاحب متقی آزاد سیوہاروی ضخامت ۔ صفحات قیمت ۔ پتہ: منیجر رسالہ پیشوا، دہلی

اس رسالے میں لائق مصنف نے قرآن مجید کے اعجاز پر سات جہتوں سے بحث کی ہے اور بدلائل ثابت کیا ہے کہ قرآن شریف ہر حیثیت سے ایک معجز نما کتاب ہے۔ جہات اعجاز، جن پر صاحب رسالہ نے کلام کیا ہے یہ ہیں: قرآنی فصاحت و بلاغت، قرآن کا ایک مضمون دوسرے مضمون سے مغلوب نہیں ہوتا، قرآن کا بلحاظ نظم و اسلوب خود اس کے معجز نما ہونے پر دال ہے، قرآن مجید ہر فن میں غایت فصاحت و بلاغت پر ہے، قرآنی اعجاز، قرآنی پیشین گوئیاں، حفظ القرآن۔

**ایوان** مرتبہ جناب مجنوں گورکھپوری حجم ۸۰ صفحات، تقطیع کلاں۔ قیمت سالانہ للعہ پتہ ایوان اشاعت گورکھپور

رسالہ ایوان، اردو کا مشہور ماہنامہ ہے۔ دو برس ملتوی رہکر جولائی ۳۴ء سے پھر نکلا ہے۔ ایوان نے اپنی گزشتہ زندگی میں بھی علم و ادب کی مفید خدمت انجام دی تھی، اس زندگی میں بھی اسی نقش قدم پر گامزن ہے۔ "داستان یوسف" "دنیا ے انسانیت کا امکانی مستقبل" "موجودہ اقتصادی ہیجان" بہت اچھے مضامین ہیں۔

**ماہ تمام** اڈیٹر جناب محمد اسحق صاحب امرتسری حجم ۷۰ صفحات۔ قیمت سالانہ للعہ پتہ ۱۔ ع ۶ ۔ بی، کنائی اسٹریٹ، کلکتہ

یہ مصور رسالہ کلکتہ سے "اردو زبان کے درجہ پست ذہن کو بلند کرنے" نکلا ہے۔ اب تک چھ نمبر شائع ہو چکے ہیں۔ مضامین کا بیشتر حصہ انگریزی زبان کے رسائل کے مضامین اور افسانوں کے ترجموں و ملخصات پر مشتمل ہے۔ رسالہ بحیثیت مجموعی اچھا ہے۔

سنیبر ۸۶ جوہر ۱۱
فضل فونٹن پن
نیا اسٹاک آچکا ہے
خوبصورت اور پائدار قیمت واجبی خریدنے میں عجلت کیجئے۔ سامان اسٹیشنری و کاغذ وغیرہ خط و کتابت سے طلب فرمایئے
فدا علی محمد علی جنرل اسٹیشنری مرچنٹ پتھر گٹی فون ۶۶۵ حیدرآباد دکن

© rasailojaraid.com